# سُورَۃُ یٰسٓ

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر1۔ درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

1۔ قرآن مجید کا دل ہے: (بورڈ2023ء) 091115001

(الف) سورۃ سبا (ب) سورۃ یٰسٓ (ج) سورۃ صٓ (د) سورۃ الصّٰفّٰت

2۔ سورۃ یٰسٓ میں بیان ہے: 091115002

(الف) ہجرت کا (ب) جہاد کا (ج) حج کا (د) ایمان کا

3۔ سورہ یٰسٓ کی آیات کی تعداد ہے: 091115003

(الف) 80 (ب) 81 (ج) 82 (د) 83

4۔ ایک مرتبہ سورۃ یٰسٓ کی تلاوت کرنے پر قرآن مجید پڑھنے کا اجر ملتا ہے: 091115004

(الف) دس قرآن مجید کا (ب) بیس قرآن مجید کا (ج) تیس قرآن مجید کا (د) چالیس قرآن مجید کا

5۔ مویشیوں کے فائدے ہیں: 091115005

(الف) سواری (ب) دودھ کا حصول (ج) گوشت کا حصول (د) یہ تینوں

## اضافی کثیر الانتخابی سوالات

6۔ سورۃ یٰسٓ ہے: 091115006

(الف) مکی سورت (ب) مدنی سورت (ج) سب سے چھوٹی سورت (د) طویل سورت

7۔ سورۃ یٰسٓ کا آغاز ہوتا ہے: 091115007

(الف) حروف مقطعات سے (ب) حرف جارہ سے (ج) مسبحات سے (د) قُل سے

8۔ اس سورت کو مرنے والوں کے پاس پڑھنے کی تعلیم دی گئی ہے: 091115008

(الف) الفاتحہ (ب) البقرۃ (ج) الرحمٰن (د) یٰسٓ

9۔ حدیث کی رو سے قرآن مجید کی بہت فضیلت والی سورت ہے: 091115009

(الف) سورۃ القارعہ (ب) سورۃ العصر (ج) سورۃ یوسف (د) سورۃ یٰسٓ

10۔ سورۃ یٰسٓ کو قرار دیا گیا ہے: 091115010

(الف) قرآن کا دل (ب) قرآن کی زینت (ج) قرآن کی چوٹی (د) ایک تہائی قرآن کے برابر

11۔ سورۃ یٰسٓ کو پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے: 091115011

(الف) بیماروں کے پاس (ب) مرنے والوں کے پاس (ج) شاگردوں کے پاس (د) ایمان والوں کے پاس

-12 حدیث نبوی کے مطابق کس سورت کو پڑھنے سے دس قرآن مجید کے برابر اجر ملتا ہے؟ 091115012

(الف) سورۃ الاخلاص (ب) سورۃ الکوثر (ج) سورۃ یٰسین (د) سورۃ الفاتحہ

-13 سورۃ یٰس کے شروع کے حصے میں بیان ہے: 091115013

(الف) توحید کا (ب) رسالت کا (ج) آخرت کا (د) فرشتوں کا

-14 سورۃ یٰس کے دوسرے حصے میں بیان ہے: 091115014

(الف) اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا (ب) اللہ کی نعمتوں کا (ج) اللہ تعالیٰ کی قدرتوں کا (د) مذکورہ تمام

-15 اللہ تعالیٰ کی قدرت کا مظہر قرار دیا گیا ہے: 091115015

(الف) سورج کو (ب) چانداور ستاروں کو (ج) کائنات کے نظام کو (د) مذکورہ تمام

-16 سورۃ یٰس کے آخری حصے میں بیان ہے: 091115016

(الف) قیامت کے حالات کا (ب) نافرمانوں اور فرماں برداروں کے انجام کا

(ج) قیامت کے واقع ہونے کا (د) مذکورہ تمام

-17 سورۃ یٰس کے مطابق اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے: 091115017

(الف) اناج کا اُگنا (ب) زمین کا سرسبز ہونا

(ج) سورج کا مقرر راستے پر چلنا (د) سمندر میں مخلوقات کو پالنا

-18 سورۃ یٰس کے مطابق سلام کیا جائے گا: 091115018

(الف) نمازیوں کو (ب) شہیدوں کو

(ج) دیانت داروں کو (د) آخرت میں کامیاب ہونے والوں کو

-19 سورۃ یٰس کے مطابق اللہ تعالیٰ کی ایک بڑی نعمت ہیں: 091115019

(الف) باغات (ب) چشمے (ج) پہاڑ (د) مویشی

جوابات:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ب | 2 | د | 3 | د | 4 | الف | 5 | د |
| 6 | الف | 7 | الف | 8 | د | 9 | د | 10 | الف |
| 11 | ب | 12 | ج | 13 | ب | 14 | د | 15 | د |
| 16 | د | 17 | ج | 18 | د | 19 | د | | |

www.ilmkidunya.com

## مشقی مختصر سوالات کے جوابات

سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیجیے۔

س1۔ سورۃ یٰس کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

091115020

جواب: سورۃ یٰس کا آغاز حروف مقطعات میں سے ''یٰس'' سے ہوتا ہے۔ اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سورۃ یٰس رکھا گیا ہے۔

س2۔ سورۃ یٰس کا خلاصہ لکھیے۔

091115021

جواب: سورۃ یٰس کا خلاصہ ''جامع اور بلیغ انداز میں توحید، رسالت اور آخرت کا بیان'' ہے۔

س3۔ سورۃ یٰس کے علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

091115022

جواب: i۔ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے سورج کا مقرر راستے پر چلنا اور چاند کا منزلیں طے کرنا بھی شامل ہیں۔ انھی کے ذریعے ہم تاریخ اور دنوں کا اندازہ بھی لگاتے ہیں۔ (سورۃ یٰس: 38-39)

ii۔ اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی کام مشکل نہیں ہے۔ وہ جیسے ہی کسی کام کا حکم فرماتا ہے وہ کام فوراً ہو جاتا ہے۔ (سورۃ یٰس: 82)

س4۔ سورۃ یٰس کی ایک فضیلت تحریر کیجیے۔

091115023

جواب: ایک روایت کے مطابق ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن مجید کا دل سورۃ یٰس ہے، جس نے سورۃ یٰس کو پڑھا، اللہ تعالیٰ اسے دس مرتبہ قرآن مجید پڑھنے کا اجر عطا فرمائے گا۔ (جامع ترمذی: 2887)

## اضافی مختصر سوالات کے جوابات

س5۔ سورۃ یٰس مکی ہے یا مدنی نیز اس کی آیات کتنی ہیں؟

091115024

جواب: سورۃ یٰس مکی سورت ہے۔ اس میں تراسی (83) آیات ہیں۔

س6۔ سورۃ یٰس کا آغاز کن حروف سے ہوتا ہے؟

091115025

جواب: سورۃ یٰس کا آغاز حروف مقطعات میں سے ''یٰس'' سے ہوتا ہے۔

س7۔ سورۃ یٰس کو کس کے پاس پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے؟

091115026

جواب: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين ﷺ نے مردوں کے پاس سورۃ یٰس پڑھنے کی ترغیب فرمائی ہے۔ (سنن ابی داؤد: 3121)

س8۔ سورۃ یٰس پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کس کے گناہ بخش دیتا ہے؟

091115027

جواب: ایک روایت کے مطابق جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے سورۃ یٰس پڑھتا ہے اس کے سابقہ گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔ (صحیح ابن علی حبان: 2574)

س9۔ حدیث نبوی ﷺ کے مطابق سورۃ یٰس کو پڑھنے کا اجر کتنا ہے؟

091115028

جواب: ایک روایت کے مطابق ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن مجید کا دل سورۃ یٰس ہے، جس نے سورۃ یٰس کو پڑھا، اللہ تعالیٰ اسے دس مرتبہ قرآن مجید پڑھنے کا اجر عطا فرمائے گا۔ (جامع ترمذی: 2887)

س10۔ سورۃ یٰس میں کس کا بیان ہے؟

091115029

جواب: سورۃ یٰس میں ایمان کا بیان ہے۔

www.ilmkidunya.com

091115030
س11۔ سورۃ یٰس کو مرنے والوں کے پاس کیوں پڑھنے کا حکم دیا گیا؟
جواب: سورۃ یٰس میں ایمان کا بیان ہے۔ اسی وجہ سے اسے مرنے والوں کے پاس پڑھنے کی تعلیم دی گئی ہے تاکہ ان کے سامنے ایمان کا بیان تازہ ہو جائے اور ان کا خاتمہ ایمان پر ہو سکے۔

091115031
س12۔ سورۃ یٰس کے شروع کے حصے میں کس کا بیان ہے؟
جواب: سورۃ یٰس کے شروع کے حصے میں رسالت کا بیان ہے۔

091115032
س13۔ سورۃ یٰس میں کس قوم کا واقعہ ذکر فرمایا ہے؟
جواب: سورۃ یٰس میں ایک ایسی قوم کا واقعہ ذکر فرمایا گیا ہے جس نے حق کی دعوت کو قبول نہ کیا بلکہ حق کے داعیوں کے ساتھ ظلم و بربریت کا معاملہ کیا۔ جس کے نتیجے میں حق کے داعی کا انجام تو بہترین ہوا لیکن حق کا انکار کرنے والے اللہ تعالیٰ کے عذاب کی پکڑ میں آ گئے۔

091115033
س14۔ سورۃ یٰس کے دوسرے حصے میں کس کا بیان ہے؟
جواب: سورۃ یٰس کے دوسرے حصے میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، نعمتوں اور اس کی قدرتوں کا بیان ہے۔

091115034
س15۔ سورۃ یٰس میں کس کو قدرت کا مظہر قرار دیا گیا ہے؟
جواب: سورج، چاند، ستاروں اور کائنات کے اس شاندار نظام کو اللہ کی قدرت کا مظہر قرار دیا گیا ہے۔

091115035
س16۔ سورۃ یٰس کے آخری حصے میں کس کا بیان ہے؟
جواب: سورۃ یٰس کے آخری حصے میں قیامت کے حالات، نافرمانوں اور فرماں برداروں کے انجام اور قیامت کے واقع ہونے پر دلائل دیے گئے ہیں۔

091115036
س17۔ سورۃ یٰس کے مطابق قرآن کریم کی نزول کی وجہ بتائیں۔
جواب: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ ﷺ پر اس لیے نازل فرمایا تاکہ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ ﷺ غفلت میں پڑے ہوئے لوگوں کو خبردار کر سکیں۔

091115037
س18۔ سورۃ یٰس کے مطابق قرآن کریم سے کون لوگ فائدہ اُٹھاتے ہیں؟
جواب: قرآن مجید سے وہی لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو نصیحت پر عمل کرنے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے ہوتے ہیں۔

091115038
س19۔ سورۃ یٰس کے مطابق آخرت میں کامیاب ہونے والوں کے لیے کیا انعام ہوگا؟
جواب: سورۃ یٰس کے مطابق آخرت میں کامیاب ہونے والے جنت کی گھنی چھاؤں میں تختوں پر آرام کریں گے اور انھیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام کہا جائے گا۔

091115039
س20۔ سورۃ یٰس کے مطابق قرآن مجید کے واضح نصیحت ہونے کی دلیل تحریر کریں۔
جواب: سورۃ یٰس کے مطابق قرآن مجید شاعری نہیں ہے بلکہ ایک واضح نصیحت ہے تاکہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ ﷺ اس کے ذریعہ لوگوں کو خبردار کریں۔

091115040
س21۔ سورۃ یٰس کے مطابق کس کو بڑی نعمت کہا گیا ہے؟ اور اس کے کیا فوائد ہیں؟
جواب: مویشی اللہ تعالیٰ کی ایک بڑی نعمت ہیں جن پر ہم سواری کرتے ہیں، ان کا گوشت کھاتے اور دودھ پیتے ہیں۔ ان کے اور بھی بہت سے فائدے ہیں۔

س22۔ سورۃ یٰسں کی رو سے کون سی چیزیں اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں؟ 091115041

جواب: اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے سورج کا مقررہ راستے پر چلنا اور چاند کی منزلیں طے کرنا بھی شامل ہیں۔ انھی کے ذریعے ہم تاریخ اور دنوں کا اندازہ بھی لگاتے ہیں۔

س23۔ سورۃ یٰسں کے کوئی سے دو مضامین تحریر کریں؟ 091115042

جواب: سورۃ یٰسں کے مضامین درج ذیل ہیں:

i- سورۃ یٰسں میں ایمان کا بیان ہے۔

ii- اللہ تعالیٰ کی قدرتوں اور نعمتوں کا ذکر ہے۔

## مشقی تفصیلی سوالات

تفصیلی جواب دیجیے۔

سوال نمبر3۔ سورۃ یٰسں پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ "یا" سورۃ یٰسں کا تعارف، مضامین اور اہم نکات تحریر کریں۔ (بورڈ2023ء) 091115043

## تعارف

**مکی/مدنی:**

سورۃ یٰسں مکی سورت ہے۔

**آیات:**

اس میں تراسی (83) آیات ہیں۔

**وجہ تسمیہ:**

سورۃ یٰسں کا آغاز حروف مقطعات میں سے "یٰسٓ" سے ہوتا ہے۔ اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سورۃ یٰسں ہے۔

**سورۃ یٰسں کی فضیلت:**

سورۃ یٰسں بہت فضیلت والی سورت ہے۔ اسے قرآن مجید کا دل قرار دیا گیا ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نے مرنے والوں کے پاس سورۃ یٰسں پڑھنے کی ترغیب فرمائی ہے۔ (سنن ابوداؤد:3121)

**سابقہ گناہوں کی بخشش:**

ایک روایت کے مطابق جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے سورۃ یٰسں پڑھتا ہے اس کے سابقہ گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔ (صحیح ابن حبان:2574)

**قرآن کا دل:**

ایک روایت کے مطابق ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن مجید کا دل سورۃ یٰسں ہے۔ (جامع ترمذی:2887)

**سورۃ یٰسں پڑھنے کا ثواب:**

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ نے فرمایا: "جس نے سورۃ یٰسں کو پڑھا، اللہ تعالیٰ اسے دس مرتبہ قرآنِ مجید پڑھنے کا اجر عطا فرمائے گا۔
(جامع ترمذی: 2887)

**خلاصہ:**

سورۃ یٰسں کا خلاصہ: "جامع اور بلیغ انداز میں توحید، رسالت اور آخرت کا بیان" ہے۔

# مضامین

**ایمان کا بیان:**

سورۂ یٰسٓ میں ایمان کا بیان ہے۔ اسی وجہ سے اسے مرنے والوں کے پاس پڑھنے کی تعلیم دی گئی ہے، تاکہ ان کے سامنے ایمان کا بیان تازہ ہو جائے اور ان کا خاتمہ ایمان پر ہو سکے۔

**سورۂ یٰسٓ کا پہلا حصہ:**

سورۂ یٰسٓ کے شروع کے حصے میں رسالت کا بیان ہے۔ اس سلسلے میں ایک ایسی قوم کا واقعہ ذکر فرمایا گیا ہے جس نے حق کی دعوت کو قبول نہ کیا بلکہ حق کے داعیوں کے ساتھ ظلم و بربریت کا معاملہ کیا۔ جس کے نتیجے میں حق کے داعی کا انجام تو بہترین ہوا لیکن حق کا انکار کرنے والے اللہ تعالیٰ کے عذاب کی پکڑ میں آ گئے۔

**سورۂ یٰسٓ کا دوسرا حصہ:**

سورۂ یٰسٓ کے دوسرے حصے میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، نعمتوں اور اس کی قدرتوں کا بیان ہے۔ سورج، چاند، ستاروں اور کائنات کے اس شاندار نظام کو اللہ تعالیٰ کی قدرت کا مظہر قرار دیا گیا ہے۔

**سورۂ یٰسٓ کا آخری حصہ:**

سورۂ یٰسٓ کے آخری حصے میں قیامت کے حالات، نافرمانوں اور فرماں برداروں کے انجام اور قیام کے واقع ہونے پر دلائل دیے گئے ہیں۔

## علمی و عملی نکات

سورۂ یٰسٓ کا مطالعہ کرنے سے جو علمی و عملی نکات معلوم ہوتے ہیں، ان میں سے کچھ یہ ہیں:

☆ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن ﷺ پر اس لیے نازل فرمایا تاکہ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن ﷺ غفلت میں پڑے لوگوں کو خبردار کر سکیں۔ (سورۂ یٰسٓ: 2-6)

☆ قرآن مجید سے وہی لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو نصیحت پر عمل کرنے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے ہوتے ہیں۔ (سورۂ یٰسٓ: 11)

☆ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے سورج کا مقرر راستے پر چلنا اور چاند کا منزلیں طے کرنا بھی شامل ہے۔ انھی کے ذریعے ہم تاریخ اور دنوں کا اندازہ بھی لگاتے ہیں۔ (سورۂ یٰسٓ: 38-39)

☆ آخرت میں کام یاب ہونے والے جنت کی گھنی چھاؤں میں تختوں پر آرام کریں گے اور انھیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام کہا جائے گا۔ (سورۂ یٰسٓ: 55-58)

☆ قرآن مجید شاعری نہیں ہے بلکہ ایک واضح نصیحت ہے تاکہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن ﷺ اس کے ذریعے لوگوں کو خبردار کریں۔ (سورۂ یٰسٓ: 69-70)

☆ مویشی اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہیں جن پر ہم سواری کرتے ہیں، ان کا گوشت کھاتے اور دودھ پیتے ہیں۔ ان کے اور بھی بہت سے فائدے ہیں۔ (سورۂ یٰسٓ: 72-73)

☆ اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی مشکل نہیں ہے۔ وہ جیسے ہی کسی کام کا حکم فرماتا ہے وہ کام فوراً ہو جاتا ہے۔ (سورۂ یٰسٓ: 82)

www.ilmkidunya.com